# پس منظر نامہ1

فوری طور پر جاری کرنے کے لیے
2021FIN0023-000744
اپریل 20, 2021

وزارت خزانہ

**معاشی اسنیپ شاٹ: بی. سی. کے لئے مضبوط معاشی بحالی میں سرمایہ کاری۔**

باقی دنیا کی طرح، برٹش کولمبیا کی معیشت نے کووڈ-١٩ وبائی مرض کی وجہ سے چیلنجوں کے بےنظیر سال کا سامنا کیا ہے، لیکن معاشی بحالی کی مضبوط علامات ظاہر ہونا شروع ہو چکی ہیں۔

2021 کے بجٹ میں 2020-21 کے لئے 8.1 بلین ڈالر کا تازہ ترین پیش بینی خسارہ شامل ہے، جو 2020 خزاں کے تازہ ترین اقتصادی اور مالیاتی تخمینے13.6بلین ڈالر سے کم ہے۔ یہ کمی توقع سے زیادہ محصولات کی وجہ سے ہے، جس میں مضبوط رہائشی اور خوردہ فروخت، اور اخراجات میں معتدل کمی جیسی سرگرمیوں کے نتیجے میں ہونے والے ٹیکس محصولات شامل ہے۔ حکومت کی توجہ بی.سی. کے مضبوط تر، زیادہ مستحکم معاشی مستقبل کے لئے لوگوں، کاروباروں اور کمیونٹیز کی حمایت جاری رکھے جانے پر مرکوز ہے۔

**نمایاں معاشی نکات**

- ایک اندازے کے مطابق 2020 میں بی. سی. کے حقیقی جی ڈی پی میں 5.3 فیصد کمی واقع ہوئی ہے، اور اس میں 2021 میں 4.4 فیصد، 2022 میں 3.8 فیصد اور 2023 میں 2.2 فیصد تک توسیع کی پیش بینی ہے۔
- کم شرح سود اور صارفین کے اشیا کی خریداری کے رجحان کی مدد سے 2020 کے وسط تک خوردہ اور گھروں دونوں کی فروخت عالمی وبائی بیماری سے پہلے کی سطح سے زیادہ تھی، جبکہ دیگر عوامل کے ساتھ ساتھ خدمات میں بھی خلل پڑ گیا تھا۔
- اپریل 2020 میں خوردہ فروخت میں ریکارڈ کی سب سے بڑی ماہانہ کمی دیکھی گئی۔ تاہم، خوردہ فروخت میں تیزی آگئی اور پچھلے سال کے مقابلے میں جنوری 2021 میں یہ 15.3 فیصد زیادہ تھیں۔
- عالمی وبائی بیماری کے باوجود ہاؤسنگ مارکیٹ کی سرگرمی مستحکم رہی ہے، اور گھروں کی ماہانہ فروخت 2020 کے اواخر میں ریکارڈ کی سطح تک پہنچ گئی تھی اور 2021 میں اس میں اضافہ جاری ہے۔
- 2020 میں بی.سی. میں گھر کی اوسط قیمت میں 2019 کے مقابلہ میں 11.6 فیصد اضافہ ہوا ہے۔
- عالمی وبائی بیماری کے آغاز کے بعد بی.سی. ملازمتوں سے بے نظیرتعداد میں محروم ہو گیا۔ مارچ 2021 تک، بی.سی. میں ملازمتوں کی مجموعی تعدادعالمی وبائی بیماری سے پہلے کی سطح سے تجاوز کر گئی تھی، جو تمام صوبوں کی مقابلے میں ملازمت کی بحالی کی سب سے زیادہ شرح ہے۔ تاہم، کچھ شعبے جدوجہد کر رہے ہیں اور ہر شعبہ ایک ہی طرح متاثر نہیں ہوا ہے۔
- کینیڈا کے باقی حصوں کی طرح، مارچ اور اپریل 2020 میں عالمی وبائی بیماری کے آغاز پربی.سی.نے بے روزگاری کی بلند شرح کا سامنا کیا۔2020 میں بی.سی. کی بے روزگاری کی شرح اوسطاً 8.9 فیصد تھی اور مارچ 2021 میں بے روزگاری کی شرح 6.9 فیصد تھی۔
- عالمی وبائیبیماریکا شکار ہونے کے بعدبی.سی. اور مینیٹوبہ، کینیڈامیں بے روزگاری کی دوسری سب سے کم شرح پر برابر تھے، اور اس وقت بی.سی. کینیڈا میں بے روزگاری کی تیسری کم شرح پر ہے۔

**آپریٹنگ نتائج**

- تیسری سہ ماہی رپورٹ 2020-21 میں **8.1** بلین ڈالر کے آپریٹنگ خسارے کی پیش بینی کرتی ہے۔
- کل محصولات کی پیش بینی **61** بلین ڈالر ہے، اور کل اخراجات کی پیش بینی **69.1** بلین ڈالر ہے۔
- بجٹ 2021 کے تین سالہ مالیاتی منصوبے میں زوال پذیر خسارے کو پیش کیا گیا ہے، جس میں 2021-22 میں 9.7 بلین ڈالر کا خسارہ، 2022-23 میں 5.5 بلین ڈالر اور 2023-24 میں 4.3 بلین ڈالر کا خسارہ ہے۔

- تین سالہ مالیاتی منصوبے کے دوران 8.7 بلین ڈالر کی نئی بیس بجٹ کی سرمایہ کاری، لوگوں کو عالمی وبائی بیماری کے دوران محفوظ اور صحتمند رہنے میں مدد کرے گی اور معاشی بحالی کے لئے ایسے نئے مواقع پیدا کرے گی جس میں ہر ایک شامل ہو۔
- مالیاتی منصوبے کی پیش بینیوں میں مسلسل جاری صحت اور معاشی غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر اہم تدابیر شامل ہیں، جس میں شامل ہیں:
    - عالمی وبائی بیماری سے وابستہ صحت یا معاشی بحالی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے قلیل مدتی اقدامات کی مسلسل مالی اعانت کے لئے، 2021-22 میں عالمی وبائی بیماری اور بحالی کی ہنگامی صورتحال کے لئے 3.25 بلین ڈالر، 2022-23 میں 1 بلین ڈالر اور 2023-24 میں300 ملین مختص کیے گئے ہیں۔
    - غیر متوقع دباؤ کو سنبھالنے میں مدد کے لیے، 2021-22 میں عام پروگراموں کے ہنگامی حالات کے لیے 1 بلین ڈالر، 2022-23 میں 800 ملین ڈالر اور 2023-24 میں 700 ملین ڈالر مختص کیے گئے ہیں۔
    - اتار چڑھاؤ جیسے کہ محصول میں تبدیلیوں سے حفاظت کے لیے 2021 -22 میں 1 بلین ڈالر، 2022-23 میں 750 ملین ڈالر اور 2023-24 میں 400 ملین ڈالر کے سالانہ پیشن بینی الاؤنس۔
    - 2022-23 میں 1.5 بلین ڈالر اور 2023-24 میں 2 ارب ڈالر کی تخمینی رقم مختص کی گئی کیس لوڈ پریشرز اور ترجیحی پیش قدمیوں کے لئے، جن کے لئے مستقبل کے بجٹ میں فنڈ کی ضرورت ہوسکتی ہے۔
    - بی.سی. کی حقیقی جی ڈی پی نمو (GDP growth) کا پیشگی اندازہ جو اکونامی فارکاسٹ کونسل (Economic Forecast Council) کے فراہم کردہ نظریہ سے کم ہے (2021 اور 2022 دونوں میں 0.5 فیصد پوائنٹس کم تر ہے، اور 2023 اور 2024 دونوں میں 0.2 فیصد پوائنٹس کم تر ہے)۔

## کووڈ- 19 کے اخراجات

- بجٹ 2021 صحت اور حفاظت پر، لوگوں اور کاروبار کی اعانت کرنے اور مالیاتی منصوبے کے دوران بجٹ میں 8.7 بلینڈالر کے اضافے اور عالمی وباء اور بحالی کی ہنگامی صورتحال میں 4.6 بلین ڈالر کے ساتھ طویل مدتی معاشی بحالی کے لئے بی.سی. کو تیار کرنےپر توجہ مرکوز کرتا ہے۔
- 2021-22 کے لئے عالمی وباء اور بحالی کے لیے ہنگامی صورتحال میں 3.25 بلین ڈالر پروگراموں اور خدمات کی اعانت کرتے ہیں اس طرح:
    - صحت سے متعلقہ کووڈ-19 کے انتظام کے لئے 900 ملین ڈالر۔
    - لوگوں اور کاروباروں کی اعانت کے لئے 1.05 بلین ڈالر۔
    - معاشی بحالی کی تیاری کے لئے 200 ملین ڈالر۔
    - کسی غیرمتوقع اور فوری صحت یا بحالی کے اقدامات کے لئے 1.1 بلین ڈالرمحفوظ کردہ۔

- 2020-21 میں، صوبہ نےکووڈ-19 اعانت اور بحالی کے اقدامات کی مد میں 10 ارب ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی۔ اس میں شامل تھے:
    - اہم خدمات کیاعانت، مالی امداد فراہم کرنے اور معاشی بحالی کی اعانت کے لئے عالمی وباء ردعمل اور معاشیبحالی کی ہنگامی صورتحال میں6.7 بلین ڈالر۔
    - وفاق اور صوبہ کے مابین مشترکہ لاگت سے ٹرانزٹ اور بلدیات کو دوبارہ شروع کرنے کے اقدامات کے لئے 810 ملین ڈالر کی صوبائی حصہ رسدی ۔
    - دیگر جوابی اور عارضی امدادی اقدامات کے لئے3 ارب ڈالر، جس میں ٹیکس کریڈٹ اور کٹوتیاں شامل ہیں۔

## سرمایہ کی خرچ کاری

- مالیاتی منصوبے کے دوران ٹیکس دہندگان کے اعانت سے 26.4 بلین ڈالر سرمایہ خرچ ہونےکی پیش بینی ہے۔ موجودہ منصوبوں میں کی جانے والی سرمایہ کاری سے بحالی کی اعانت کے لئے سرمایہ کا منصوبہ اچھی پوزیشن میں ہے تاکہ لوگ فوراً کام پر واپس آسکیں اور اس میں طویل مدتی بحالی کی بنیادقائم کرنے کے لیے سرمایہ کاری بھی شامل ہے۔
- 2020 میں بیان کردہ تین سالہ منصوبے کے مقابلے میں بجٹ 2021 میں متوقع اخراجات 3.5 بلین ڈالر زیادہ ہیں اور توقع ہے کہ مالیاتی منصوبے کی مدت کے دوران 85،000 سے زیادہ ملازمتیں قائم ہوں گی۔

### قرضوں کی سطحیں

- ضرورت مند برٹش کولمبیائی باشندوں کے لئے مسلسل اعانت اور بی.سی. کے لئے مضبوط معاشی بحالی کو یقینی بنانے کے لئے مالی سرمایہ کاری کرنے کی وجہ سے قرض میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔
- مالی سال 2021-22 کے اختتام پر بی.سی. کا ٹیکس دہندہ-اعانت یافتہ قرضہ 71.6 بلین ڈالر، 2022-23 میں82.8 بلین ڈالر، اور 2023-24 کے آخر میں92.7 بلین ڈالر ہونے کا امکان ہے۔
- ٹیکس دہندہ-اعانت یافتہ قرضہ اور جی ڈی پی کا تناسب، جو پیمائش کا ایک کلیدی طریقہ ہے جس کو کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیاں استعمال کرتی ہیں، توقع ہے کہ یہ تناسب پورے مالیاتی منصوبے کے دوران 30% سے کم رہے گا، اور 2023-24 تک 26.9 فیصد تک پہنچ جائے گا۔
- قرض لینے میں نمایاں اضافے اور قرضوں کی اعلی سطح کے باوجود، بی.سی. کوجزوی طور پر صوبے کی اچھی کریڈٹ ریٹنگ کی وجہ سے کم شرح سود سے فائدہ ہوا ہے۔
- اس کے نتیجے میں، صوبے کا قرض قابل استطاعت رہتا ہے اور حکومت کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ عالمی وباء کے دوران لوگوں اور کاروباری اداروں کی اعانت کرنے کے لئے ابھی سرمایہ کاری کرے اور مضبوط بحالی کی ترغیب دے۔

متوازن بجٹ اور مالیاتی استحکام کی راہ حکومت کی ترجیح ہے تا کہ وہ ان خدمات کی، جن پر لوگ انحصار کرتے ہیں، فراہمی جاری رکھے اور ہر ایک کے لئے مضبوط تر، زیادہ مساوی مستقبل کی تعمیر کرے۔ اگرچہ عالمی وباء کے جاری اثرات کے نتیجے میں پیدا ہونے والی غیر یقینی صورتحال کی بےنظیر سطح کی وجہ سے متوازن بجٹ کے لیے کسی خاص ٹائم لائن کی درست پیشنگوئ کرنا بہت قبل از وقت ہو گا، ابتدائی تجزیہ سات سے نو سالوں میں متوازن بجٹ کی طرف واپسی کی نشاندہی کرتا ہے۔ بجٹ 2022 میں مخصوص ٹائم لائن، طریقہ کار اور منصوبہ پیش کیا جائے گا جب حکومت معاشی بحالی کی راہ اور رفتار کے بارے میں زیادہ سے زیادہ یقینی صورتحال کی توقع کرتی ہے۔

**رابطہ کریں:**
وزارت خزانہ
میڈیا ریلیشنز
250 387-5710

---